احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

ہفتہ 29 نومبر 2008ء

روزنامہ
الفضل
FD-10
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 29 نومبر 2008ء .... 1429 ہجری 29 نبوت 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 274

سورۃ بقرہ کی عظمت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے گھروں کو قبریں مت بناؤ۔ یقیناً جس گھر میں سورۃ بقرہ پڑھی جاتی ہے شیطان بھاگتا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب استحباب صلوٰۃ النافلۃ حدیث نمبر:1300)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن کریم صرف اپنی بلاغت وفصاحت ہی کے رو سے بینظیر نہیں بلکہ اپنی ان تمام خوبیوں کی رو سے بینظیر ہے جن خوبیوں کا جامع وہ خود اپنے تئیں قرار دیتا ہے اور یہی صحیح بات بھی ہے کیونکہ خداتعالیٰ کی طرف سے جو کچھ صادر ہے اس کی صرف ایک خوبی ہی بیمثل نہیں ہونی چاہئے بلکہ ہر یک خوبی بیمثل ہوگی۔ بلاشبہ جو لوگ قرآن کریم کو غیر محدود حقایق اور معارف کا جامع نہیں سمجھتے وہ ماقدروا القرآن حق قدرہ میں داخل ہیں۔ خداتعالیٰ کی پاک اور سچی کلام کو شناخت کرنے کے یہ ایک ضروری نشانی ہے کہ وہ اپنی جمیع صفات میں بیمثل ہو کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ جو چیز خداتعالیٰ سے صادر ہوئی ہے اگر مثلاً ایک جَو کا دانہ ہے وہ بھی بینظیر ہے اور انسانی طاقتیں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتیں اور بیمثل ہونا غیر محدود ہونے کو مستلزم ہے یعنی ہر یک چیز اسی حالت میں بینظیر ٹھہر سکتی ہے جبکہ اس کی عجائبات اور خواص کی کوئی حد اور کنارہ نظر نہ آوے اور جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں یہی خاصیت خداتعالیٰ کی ہر یک مخلوق میں پائی جاتی ہے مثلاً اگر ایک درخت کے پتے کی عجائبات کی ہزار برس تک بھی تحقیقات کی جائے تو وہ ہزار برس ہو جائے گا مگر اس پتے کے عجائبات ختم نہیں ہوں گے اور اس میں سرّ یہ ہے کہ جو چیز غیر محدود قدرت سے وجود پذیر ہوئی ہے اس میں غیر محدود عجائبات اور خواص کا پیدا ہونا ایک لازمی اور ضروری امر ہے اور یہ آیت کہ قل لو کان البحر .... (الکہف:110) اپنے ایک معنے کی رو سے اسی امر کی مؤید ہے کیونکہ مخلوقات اپنے مجازی معنوں کی رو سے تمام کلمات اللہ ہی ہیں .... اسی طرح مخلوقات کی صفات اور خواص بھی کلمات ربی ہیں یعنی مجازی معنوں کی رو سے کیونکہ وہ تمام کلمہ کن فیکون سے نکلے ہیں۔ سو ان معنوں کے رو سے اس آیت کا یہی مطلب ہوا کہ خواص مخلوقات بیحد اور بے نہایت ہیں۔

(کرامات الصادقین، روحانی خزائن جلد 7 ص 60)

چوتھا ہفتہ تعلیم القرآن

امسال کا چوتھا ہفتہ تعلیم القرآن 12 تا 18 دسمبر 2008ء کو منایا جا رہا ہے۔ تمام صدران وسیکرٹریان تعلیم القرآن سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں میں حسب پروگرام ہفتہ تعلیم القرآن منا کر اس کی تفصیلی کارگزاری رپورٹ مرکز کو ارسال فرمائیں۔

☆ مورخہ 12 دسمبر بروز جمعہ نماز تہجد سے اس بابرکت ہفتہ کا آغاز کیا جائے۔

☆ خطبہ جمعہ میں کوشش کی جائے کہ قرآن کریم کے فضائل وبرکات بیان ہوں۔

☆ ہر فرد جماعت قرآن کریم روزانہ کم از کم دو رکوع تلاوت کرے کہ ترجمہ بھی ساتھ پڑھے۔

☆ ہر سیکرٹری تعلیم القرآن اس بات کا جائزہ لے کہ اس کے حلقہ میں کتنے ایسے بالغ افراد ہیں جو ابھی تک قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے اور اگر ایسے افراد ہیں تو ان کو مقامی طور پر قرآن کریم پڑھانے کا انتظام کیا جائے اس کی رپورٹ مرکز کو دی جائے۔

☆ ہفتہ کے آخری دن (یا مقامی سہولت کے مطابق کوئی بھی دن) تعلیم القرآن کے اجلاس عام کا انعقاد کیا جائے جس میں قرآن کریم کے فضائل اور اسلاف کے عشق قرآن کے بارہ میں تقاریر کی جائیں۔

☆ سیکرٹریان وصایا اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کی جماعت میں کتنے موصی احباب ہیں اور کیا وہ سب قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں پھر موصی صاحبان کی ڈیوٹی لگائی جائے کہ قواعد وصیت کے قاعدہ نمبر 17 کے مطابق کم از کم دو ایسے احباب کو قرآن کریم ناظرہ سکھائیں جو ابھی قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے۔

ہفتہ کے اختتام پر نظارت کو مفصل رپورٹ دی جائے۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد تعلیم القرآن ووقف عارضی)

دارالضیافت میں قربانی

بیرون ربوہ نیز بیرون پاکستان سے ایسے احباب جو جماعتی نظام کے تحت عید کے موقع پر مرکز سلسلہ میں قربانی کروانے کے خواہشمند ہوں وہ اپنی رقوم بتفصیل ذیل جلد از جلد خاکسار کو بھجوا دیں۔

قربانی بکرا	-/7000 روپے
قربانی حصہ گائے	-/3500 روپے

(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

ربوہ کے محلہ جات میں خلافت جوبلی تقریبات

دارالصدر شرقی طاہر

مکرم مجید احمد صاحب سیکرٹری اصلاح وارشاد تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 25 مئی کو بعد نماز مغرب وعشاء جلسہ یوم خلافت محلّہ کی بیت الطاہر میں مکرم غلام سرور طاہر صاحب صدر محلّہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ پہلی تقریر مکرم فرحت علی صاحب مربی سلسلہ نے خلفاء کے قبولیت دعا کے نشانات کے موضوع پر کی مکرم ھبۃ الرحمٰن صاحب نے خلافت کا خوف سے امن میں بدل جانا اور مہمان خصوصی مکرم فضل احمد صاحب مربی سلسلہ نے خلافت سے وابستگی کے موضوع پر تقریر کی اور پھر صدر اجلاس نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔ آخر میں مہمان خصوصی نے دعا کروائی اور جلسہ تقریباً دو گھنٹے جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوا۔ کل حاضری 65 افراد تھی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خلافت کی برکات سے ہمیشہ متمتع فرمائے۔ آمین

نصرت آباد

☆ 25 تا 27 مئی نماز تہجد ہوئی۔

☆ خلافت کے موضوع پر درس دیئے گئے۔

☆ 26 مئی کو نفلی روزہ رکھا گیا۔

☆ 28 اور 29 کی درمیانی رات دیئے جلا کر چراغاں کیا گیا۔

☆ 29 مئی کو کھانا تقسیم کیا گیا۔

(صدر محلّہ نصرت آباد)

دارالبرکات

مورخہ 22 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ بیت الذکر کو اندرونی طور پر جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا تلاوت اور نظم کے بعد مہمان خصوصی محترم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب نے خلافت کی اہمیت اور برکات کو واقعات اور حوالوں سے بیان کیا۔ تقریر کے بعد مجلس سوال وجواب بھی منعقد ہوئی۔

دعا کے ساتھ جلسہ کا اختتام ہوا اور ریفریشمنٹ پیش کی گئی 600 افراد نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو خلافت کے دیوانے بنائے رکھے۔ آمین

(مکرم مبارک احمد طاہر صاحب صدر محلّہ)

دارالعلوم وسطی

مکرم عبدالرشید خان صاحب صدر محلّہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 18 مئی کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ جس میں 273 افراد حاضری تھے۔ بعد میں حاضرین کو کھانا بھی کھلایا گیا۔

دارالنصر شرقی محمود

مکرم نصیب احمد صاحب صدر محلّہ تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 24 مئی 2008ء کو جلسہ صد سالہ خلافت منایا گیا۔ بیت الذکر کو جھنڈیوں اور بینرز کے ساتھ سجایا گیا۔ بیت کی طرف جانے والے تمام راستوں کو وقار عمل کے ذریعہ صاف ستھرا کیا گیا۔

نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کے بعد جلسہ کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ نظم کے بعد مکرم مظفر احمد درانی صاحب مربی سلسلہ اور مکرم چوہدری نصیر احمد صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ مقامی نے خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ دعا کے بعد تمام احباب میں شیرینی تقسیم کی گئی۔ مہمانوں کو کھانا کھلایا گیا۔ حاضری تقریباً 300 احباب پر مشتمل تھی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ خلافت کے ساتھ وابستہ رکھے اور احسن رنگ میں خدمت دین کی توفیق دے۔

دارالرحمت شرقی راجیکی ربوہ

مکرم فضل احمد ساجد صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 24 مئی 2008ء کو بعد نماز مغرب بیت راجیکی میں اجلاس عام ہوا۔ جس میں 49 انصار، 48 خدام اور 60 اطفال نے شرکت کی۔

تلاوت، نظم کے بعد مکرم محمد اعظم اکسیر صاحب نے خلافت احمدیہ کے مضمون پر تقریر کی۔ یہ اجلاس ایک گھنٹہ تک جاری رہا۔

دارالرحمت غربی

مکرم عمر علی طاہر صاحب سیکرٹری اصلاح وارشاد تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 18 مئی 2008ء کو بمقام بیت الناصر دارالرحمت غربی ربوہ محترم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کی زیر صدارت جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔

جلسہ سے قبل بیت الناصر کو بیت خوبصورتی سے سجایا گیا۔ صفائی کے علاوہ بیرونی حصہ میں جھنڈیاں وغیرہ لگائی گئیں اور اندرونی حصہ کو خوبصورت بینرز آویزاں کر کے سجایا گیا۔

تلاوت ونظم کے بعد مکرم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب نے نظام خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔

ازاں بعد مکرم بشیر احمد صاحب سیفی صدر محلّہ نے جملہ مہمانان کرام اور اہل محلّہ کے بھرپور تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد مکرم صدر صاحب مجلس نے اپنے اختتامی کلمات کے بعد دعا کروائی۔ یوں یہ جلسہ بخیر وخوبی اپنے اختتام کو پہنچا۔

اس جلسہ کی حاضری 500 مرد وزن پر مشتمل تھی۔

دارالفتوح غربی

مکرم عبدالقدیر قمر صاحب سیکرٹری اصلاح و ارشاد تحریر کرتے ہیں۔

18 مئی 2008ء کو دارالفتوح غربی ربوہ میں خلافت جوبلی کے سلسلہ میں اجلاس عام ہوا۔

جس میں 69 اطفال، 55 خدام، 60 انصار، 90 لجنات اور 70 ناصرات نے شرکت کی۔

تلاوت ونظم کے بعد خاکسار نے خلافت کی اہمیت و برکات اور مکرم ظفر احمد ظفر صاحب نے خلافت کے فیوض کے موضوع پر تقاریر کیں۔ تمام حاضرین کی خدمت میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

دارالیمن شرقی (ب)

15 تا 27 مئی وقار عمل کئے گئے غیر آباد پلاٹ اور گلیوں کی صفائی وغیرہ کی گئی۔ 25 تا 27 مئی نماز تہجد ادا کی گئی۔ اور درس کا انتظام کیا گیا۔ مورخہ 19 مئی کو بعد نماز مغرب جلسہ یوم خلافت ہوا تلاوت نظم کے بعد مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر رشتہ ناطہ اور محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے تقاریر کیں۔ بعد میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ 27 مئی کو درس کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی غرباء میں 16 جوڑے کپڑے تقسیم کئے گئے۔ 2 بکرے صدقہ دیئے گئے۔ نفلی روزہ بھی رکھا گیا۔

مورخہ 27 مئی کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کا اجتماعی انتظام کیا گیا۔ جنریٹر کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

مورخہ 28 مئی کو تمام سڑکوں پہ چونا لگایا گیا اور گھروں میں جھنڈیاں اور دیئے تقسیم کئے گئے تمام گھروں نے جھنڈیاں لگائیں اور رات کو دیوں سے سے چراغاں کیا۔ اس دن تمام گھروں میں مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ رات کا کھانا بھی تقسیم کیا گیا۔

(ملک مقصود احمد صدر محلّہ)

دارالعلوم غربی خلیل

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 22 مئی 2008ء کو دارالعلوم غربی خلیل میں جلسہ یوم خلافت منایا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب استاد مدرسۃ الحفظ نے خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔ 70 افراد جماعت نے شرکت کی۔

25 تا 27 مئی روزانہ نماز تہجد کا پروگرام ہوا۔ نیز تینوں دن خلافت کے موضوع پر درس ہوئے۔

(صدر محلّہ)

ناصر آباد شرقی

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ناصر آباد شرقی میں مورخہ 25 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت منعقد کیا گیا۔ تلاوت ونظم کے بعد محترم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب مربی سلسلہ نے خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔ 330 افراد جماعت نے شرکت کی۔

28 مئی کو گھروں کو جھنڈیوں سے سجایا گیا اور رات کو دیوں سے چراغاں کیا گیا۔

(سیکرٹری اصلاح وارشاد)

فیکٹری ایریا سلام

مورخہ 25 تا 27 مئی 2008ء نماز تہجد کا انتظام تھا مورخہ 27 مئی کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کے لئے بیت الذکر میں انتظام تھا۔ 367 افراد جماعت نے شرکت کی۔ بیت الذکر کو سجایا گیا تھا نیز بعد میں مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔

مورخہ 28 مئی کو گھروں اور بیت الذکر کو جھنڈیوں سے سجایا گیا اور دیوں سے چراغاں کیا گیا مورخہ 29 مئی کو ہر گھر میں افراد کی تعداد کے مطابق کھانا تقسیم کیا گیا۔ (محمد حفیظ صدر محلّہ)

بشیر آباد

مورخہ 17 مئی 2008ء کو جلسہ یوم خلافت ہوا۔ جلسہ سے قبل بیت الذکر میں وقار عمل کیا گیا۔ نماز مغرب وعشاء کے بعد تلاوت ونظم اور محترم عبدالوحید بھٹی صاحب مربی سلسلہ کی تقریر ہوئی۔ 130 افراد نے شرکت کی۔

مورخہ 28 مئی کو لجنہ اماء اللہ نے بیت الذکر میں جلسہ یوم خلافت کیا 230 خواتین نے شرکت کی 27 مئی کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب سننے کے لئے بیت الذکر میں انتظام کیا گیا۔ خطاب کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔ مورخہ 30 مئی کو تمام گھروں میں فی کس کے حساب سے کھانا تقسیم کیا گیا۔ (صدر محلّہ)

باب الابواب شرقی

مورخہ 25 مئی 2008ء کو نماز مغرب کے بعد جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم میاں مظفر الحق صاحب نے خلافت خامسہ کے متعلق مبشر خوابیں اور مکرم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے برکات خلافت کے موضوع پر تقاریر کیں۔ آخر پر مٹھائی تقسیم کی گئی۔

دارالرحمت غربی

مورخہ 17 مئی 2008ء کو لجنہ اماء اللہ نے جلسہ یوم خلافت منعقد کیا۔ مورخہ 18 مئی محلّہ کا جلسہ یوم خلافت منعقد ہوا۔ 500 افراد نے شرکت کی۔ مورخہ 25 تا 27 مئی نماز تہجد ہوئی اور نماز فجر کے بعد مکرم عمر علی طاہر صاحب مربی سلسلہ، مکرم نذیر احمد ریحان صاحب مربی سلسلہ اور مکرم ظہیر احمد بابر صاحب مربی سلسلہ نے درس دیئے۔ مورخہ 28 مئی کو ہر گھر کو جھنڈیوں سے سجایا گیا نیز دیئے جلا کر چراغاں کیا گیا مورخہ 29 مئی کو ہر گھر میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

(سیکرٹری اصلاح وارشاد)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

7

بیت خدیجہ برلن کا افتتاح، جرمن خاتون کی بیعت، اخبارات و ٹی وی کی کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

17 / اکتوبر 2008ء

صبح سوا چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت خدیجہ برلن میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی، ہدایات دیں اور دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

خطبہ جمعہ سے بیت خدیجہ کا افتتاح

آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نماز جمعہ کے ساتھ سرزمین برلن پر تعمیر ہونے والی سابقہ مشرقی جرمنی میں جماعت احمدیہ کی پہلی بیت ''بیت خدیجہ'' کا افتتاح ہو رہا تھا۔ نماز جمعہ کی ادائیگی اور افتتاح کے اس مبارک پروگرام میں شمولیت کے لئے صبح سے ہی ملک بھر سے احباب جماعت برلن پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ ایک بڑی تعداد تو دو روز قبل ہی پہنچ چکی تھی۔ بعض لوگ دور دراز کے علاقوں سے دو دو دن کے سفر بذریعہ سڑک طے کر کے اس تاریخی افتتاح میں شمولیت کے لئے پہنچے۔ آج ہر چہرہ ہر نفس خوشی و مسرت سے معمور تھا اور اس کا سر اللہ کے حضور جھکا ہوا تھا کہ اس کی زندگی میں یہ تاریخی دن آیا، ایک ایسا دن آیا جو آئندہ کے لئے ایک عظیم الشان انقلاب کا پیش خیمہ ہے اور برلن کی اس بیت کے ساتھ بہت سی کامیابیاں اور فتوحات وابستہ ہیں اور نئے علاقوں میں کامیابیوں کے دروازے کھلنے والے ہیں۔ آج کے اس تاریخی افتتاح میں ہمسایہ ممالک سے آنے والے احباب بھی شامل ہو رہے تھے۔ انتظامیہ نے جگہ کی تنگی کی وجہ سے مختلف جماعتوں سے آنے والے احباب کی تعداد کو محدود رکھا تھا۔ پھر بھی حاضری ہزار سے تجاوز کر گئی تھی۔ بیت کے دونوں ہال اور لابیز، بیت کا صحن، مختلف مارکیز اور دیگر جگہیں سب نمازیوں سے بھری ہوئی تھیں۔

TV ریڈیو اور اخبارات کے نمائندے بھی موجود تھے، صحافی، جرنلسٹ سبھی آج کی اس تقریب کی Coverage کے لئے منتظر تھے اور مختلف زاویوں سے بیت کی ویڈیوز بنا رہے تھے۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور بیت خدیجہ میں خطبہ جمعہ کے لئے تشریف لے گئے۔ آج کا خطبہ برلن کی سرزمین سے MTA پر Live ساری دنیا میں دکھایا جا رہا تھا۔ یہ خطبہ جمعہ روزنامہ الفضل 25 نومبر 2008ء میں شائع ہو چکا ہے۔

خطبہ جمعہ کے بعد تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز جمعہ و نماز عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت کے بیرونی صحن میں ایک پودا لگایا۔ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے بھی ایک پودا لگایا۔

جرمن خاتون کی خوشی

پودا لگانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ کی طرف جا رہے تھے کہ ایک جرمن بوڑھی عورت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو ملنے کے لئے راستہ میں کھڑی تھی۔ اس خاتون کی عمر 76 سال ہے۔ برلن میں ہی اس کی پیدائش ہوئی۔ یہ TV اور اخباروں میں بیت کے افتتاح سے متعلق خبریں پڑھ کر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو ملنے آئی تھی۔ بتانے لگی کہ خبروں میں دیکھا کہ ہمارے شہر میں ...... کا خلیفہ آیا ہے۔ تو میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ میں بھی جا کر اس خلیفہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھوں۔ میں نے بیت دیکھی ہے اور خلیفہ کا خطبہ جمعہ بھی سنا ہے۔ ان باتوں نے میرے دل پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ جمعہ کے بعد جب حضور بیت سے باہر آئے تو میں نے حضور کو دور سے دیکھا تو میں نے لوگوں سے کہا کیا میں قریب جا کر دیکھ سکتی ہوں۔ چنانچہ کوئی میرا ہاتھ پکڑ کر قریب لے آیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس کا حال پوچھا اور اس سے گفتگو فرمائی۔ خوشی کے مارے اس خاتون سے بات نہیں ہو رہی تھی۔ بار بار ادب سے نیچے جھکتی تھی۔

بار بار یہ کہتی تھی کہ آج میری زندگی میں سب سے زیادہ خوشی کا دن ہے کہ میں نے اپنی آنکھوں سے خلیفہ کو دیکھا ہے اور پھر بات بھی کی ہے۔ میرے کانوں نے خلیفہ کی آواز سن لی ہے۔ وہ روتی جاتی تھی اور کہتی جاتی تھی کہ اب میں کسی وقت بھی مر جاؤں لیکن یہ خوشی ہمیشہ میرے ساتھ رہے گی۔

ملاقاتیں

پونے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے اور پروگرام کے مطابق ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ 34 فیملیز کے 160 افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ اس کے علاوہ سات احباب نے انفرادی طور پر ملاقات کا شرف پایا۔

خاتون کی بیعت

ایک جرمن خاتون Mrs. Daiela Lehmann نے بھی ملاقات کی سعادت حاصل کی اور دوران ملاقات حضور انور کو بتایا کہ اس نے آج بیعت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چنانچہ یہ خاتون بیعت فارم پُر کر کے ساتھ لے گئی تھی۔ اس طرح اس نے بیعت کی توفیق پائی اور اس نے بتایا کہ وہ قبل ازیں انٹرنیٹ کے ذریعہ...... کے بارہ میں تحقیق کرتی رہی ہے۔ بیت خدیجہ برلن کے افتتاح کے ساتھ ہی یہ پہلا پھل تھا جو عطا ہوا۔

ملاقاتوں کے پروگرام کے بعد ساڑھے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت خدیجہ میں تشریف لا کر نماز مغرب و عشا جمع کر کے پڑھائیں۔

تقسیم اسناد

نمازوں کی ادائیگی کے بعد بیت خدیجہ کی تعمیر کے دوران غیر معمولی طور پر وقار عمل کرنے والے احباب میں تقسیم اسناد کی تقریب منعقد ہوئی۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم حافظ قدرت اللہ صاحب نے کی۔ اس کا اردو ترجمہ رضوان احمد صاحب اور جرمن ترجمہ آصف صادق صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم ہدایت اللہ ہیوبش صاحب نے بیت کے افتتاح کی مناسبت سے انگریزی زبان میں نظم پیش کی۔

شکیل احمد صاحب نے بیت برلن کے تعلق میں مکرم مبارک احمد ظفر صاحب کا کلام پیش کیا۔ امیر صاحب جرمنی نے بیت کی تعمیر کے تعلق میں رپورٹ پیش کی کہ کس طرح دن رات خدام اور انصار نے وقار عمل کر کے بیت کی تعمیر میں حصہ لیا ہے۔

امیر صاحب جرمنی نے بتایا کہ پچاس افراد میں سے ہم نے 21 افراد کو چنا ہے جن کو آج خوشنودی کے سرٹیفیکیٹ دیئے جائیں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت باری باری ان کام کرنے والے اور خدمت کرنے والے احباب کو اپنے دست مبارک سے خوشنودی کے سرٹیفیکیٹ عطا فرمائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ وقت بھی کافی ہو چکا ہے اور میں نے جو کہنا تھا وہ آج خطبہ جمعہ میں کہہ چکا ہوں۔ آخر پر حضور انور نے دعا کروائی اور نو بجکر پندرہ منٹ پر یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے لجنہ کی طرف تشریف لے گئے۔ جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لنگر خانہ کا معائنہ فرمایا۔ حضور انور لنگر خانہ سے ملحقہ سٹور میں بھی تشریف لے گئے۔

معائنہ کے بعد نو بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

میڈیا کورتج

بیت خدیجہ برلن کی افتتاحی تقاریب کو دنیا بھر کے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نے غیر معمولی طور پر کورتج (Coverage) دی۔

بیت کے افتتاح کے موقع پر جرمنی کے علاوہ میڈیا کے نمائندگان میں درج ذیل آٹھ ممالک کے نمائندگان شامل تھے۔

1۔ جاپان۔ 2۔ چیک ریپبلک۔ 3۔ پولینڈ۔ 4۔ ہالینڈ۔ 5۔ اٹلی۔ 6۔ سوئٹزرلینڈ۔ 7۔ فرانس۔ 8۔ سویڈن

اسی طرح درج ذیل بین الاقوامی نیوز ایجنسیوں کے نمائندگان نے بھی افتتاحی تقاریب میں شرکت کی۔

1. DPA (German Press Agency)
2. Reuter
3. AFP
4. Associated Press

جن قومی اخبارات نے خبر لگائی وہ درج ذیل ہیں۔

1۔ Die Welt (ڈی ویلٹ)
2۔ Frankfurt Allgemeine (FAZ) (فرینکفرٹ الگے مائنے)
3۔ Sueddeutsche Zeitung (زوڈڈوئچے سائٹنگ)
4۔ Bild (بلڈ)
5۔ Taz (تاس)
6۔ Morgenpost (مورگن پوسٹ)
7۔ Tagesspiegel (ٹاگس شپیگل)
8۔ Berliner Kurrier (برلینر کوریار)
9۔ Maerkische Allgemeine Zeitung (میرکشے الگے مائنے سائٹنگ)
10۔ Hamburger Abendblatt (ہمبرگر ابنڈ بلٹ)
11۔ Neue Zuericher Zeitung (نوئے زورشر سائٹنگ)

ان کے علاوہ ایک بہت بڑی تعداد لوکل اور ریجنل اخبارات نے بھی بیت خدیجہ کی خبریں شائع کیں۔

ٹی وی سٹیشنز کی خبریں

جن ٹی وی سٹیشنوں نے خبر براڈ کاسٹ کی ان میں جرمنی کے نیشنل چینل RTL، NTV، N-24، ARD، ZDF، DW، Euro News اور برلن کے چینل ABC-World، RBB شامل ہیں۔

بیت خدیجہ برلن کے افتتاح کے موقع پر Media نے تقریب کو مختلف انداز سے Cover کیا ہے۔

جرمن ٹی وی میں بیت خدیجہ برلن کے افتتاح کے حوالہ سے خبروں کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

17/اکتوبر 2008ء: جرمن چینل نمبر 1 ARD خبرنامہ Tagesschau میں یہ عبارت نشر کی گئی۔

سابق مشرقی جرمنی کی سرزمین پر پہلی ...... کا افتتاح ہوا۔ جماعت احمدیہ کی تعمیر کردہ...... کے خلاف ابتداء سے ہی احتجاج ہوتا رہا ہے۔ احمدیہ جماعت خود کو ...... کی ایک ریفارم موومنٹ سمجھتی ہے اور طاقت کے استعمال کو رد کرتی ہے۔ (ہر گھنٹہ میں ایک دفعہ نشر کی گئی)

16/اکتوبر 2008ء: جرمن چینل نمبر ZDF 2 کے خبرنامہ Heute میں خبر

آج جماعت احمدیہ کے 200 ممبران کے لئے ایک اہم دن ہے۔ جماعت نے مشرقی برلن میں (بیت) تعمیر کی ہے۔ اس کے افتتاح کی تقریب جمعرات کی شام کو منعقد ہوئی جس میں پارلیمنٹ کے ڈپٹی سپیکر Thierse شامل ہوئے۔ لندن سے جماعت کے سربراہ خلیفہ (ایدہ اللہ تعالیٰ) تشریف لائے۔ آپ نے کہا کہ ہم جہاں کہیں بھی جائیں لوگوں کو خدشات اور تحفظات ہوتے ہیں۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ ہم ان غلط فہمیوں کو دور کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ جماعت احمدیہ کا بیان ہے کہ ہم امن پسند جماعت ہیں جو دہشت گردی کے خلاف ہیں۔ (بیت) کے مخالفین نے بھی دوسو افراد کے ساتھ مظاہرہ کیا۔ ان کا بیان ہے کہ اگرچہ جماعت احمدیہ امن پسند ہے لیکن یہ جرمنی میں جمہوریت کو ختم کرکے شریعت کا نظام لے کر آنا چاہتے ہیں۔

صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ یہ جماعت کسی کو کوئی تکلیف نہیں دے گی، گو ان کی بعض تعلیمات آئین کے سو فیصد مطابق نہیں۔ مذہبی آزادی کا حق ان کو بہرحال حاصل ہے۔ امام بیت عبدالباسط طارق نے کہا کہ ہر شخص کو مذہبی آزادی ہے۔ ہم ہر قسم کے تشدد کے خلاف ہیں۔ امام صاحب سب ہمسایوں کو ...... میں آنے کی دعوت دیتے ہیں۔ اس...... میں خطبہ جرمن زبان میں دیا جائے گا جرمنی کا ادارہ برائے آئینی تحفظ (خفیہ ایجنسی) کا بیان ہے کہ یہ جماعت بے ضرر ہے۔

(یہ خبر ایک دن کے دوران مختلف اوقات کے خبرناموں میں نشر کی گئی)

18/اکتوبر 2008ء: جرمن چینل نمبر ZDF 2 کے پروگرام Landerspiegel میں خبر

جماعت کے سب سے بڑے سربراہ خلیفہ لندن سے بیت کے افتتاح کے لئے تشریف لائے۔ آپ نے فرمایا "ہم جہاں بھی گئے، علاقہ کے لوگوں نے تحفظات اور خوف کا اظہار کیا۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ ہم ان کی غلط فہمیوں کو دور کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ جرمنی کی جماعت کشادہ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے...... میں ہر ایک کا خیر مقدم کرے گی۔

17/اکتوبر 2008ء: SAT 1، اہم سیٹلائٹ چینل کی نشر کی گئی خبر

مشرقی برلن میں جمعرات کی شام کو باقاعدہ تعمیر شدہ (بیت) کا افتتاح ہوا۔ اس پروگرام میں 250 افراد نے شرکت کی۔ پارلیمنٹ کے ڈپٹی سپیکر Thierse نے کہا کہ باہمی کشادہ دلی اور رواداری کے کلچر کے لئے کوشاں رہنا چاہئے۔

17/اکتوبر 2008ء: N-24 جرمنی کا بڑا نیوز چینل

احتجاج کے باوجود بیت کی تعمیر مکمل ہوگئی۔ Thierse نے کہا کہ اب معمول کی زندگی کا آغاز ہو جانا چاہئے۔ تعصّبات اچھے مشیر نہیں ہوتے۔ جرمنی میں احمدیہ جماعت کے 30 ہزار ممبران ہیں۔ دیگر ...... کی طرف سے احمدیوں کو سخت مخالفت کا سامنا ہے۔ جماعت احمدیہ ڈائیلاگ کے لئے تیار ہے۔ آئندہ ایام کے دوران...... میں Open Day کے پروگرام ہوں گے۔

17/اکتوبر 2008ء: Euro News مشہور یورپی نیوز چینل

جماعت احمدیہ نے مشرقی جرمنی میں پہلی ...... کا افتتاح کردیا ہے۔ اس کے خلاف تین سو افراد نے احتجاج کیا۔ Thierse نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ اختلافات ختم ہوجائیں گے۔ تعصب اور ڈر کی وجہ علم کی کمی ہوتی ہے۔ لیکن علم کی مدد سے تعصّبات ختم کئے جاسکتے ہیں۔ جماعت احمدیہ جرمنی کے امیر، عبداللہ واگس ہاؤزر نے کہا کہ جماعت احمدیہ آزادی رائے اور آزادی مذہب کے لئے کوشاں ہے۔ احمدی اپنے آپ کو...... کہتے ہیں۔ لیکن...... دنیا میں اس بات میں اختلاف ہے۔

18/اکتوبر 2008ء کو Domradio کیتھولک ریڈیو نے اپنی نشریات میں کہا

مشرقی جرمنی کی پہلی بیت کا افتتاح ایک تقریب کے ذریعہ ہوا۔ جمعہ کو نو تعمیر...... میں نماز جمعہ ادا کی گئی۔ مدعو مہمانوں میں جماعت کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد، پارلیمنٹ کے ڈپٹی سپیکر، تھیئرزے شامل تھے۔ کیتھولک چرچ کی طرف سے Wolfgang Klose شامل ہوئے جو برلن چرچ کی مجلس عاملہ کے صدر ہیں۔ Thierse نے کہا کہ جماعت کو اپنی مذہبی رسومات کے بارہ میں لوگوں کو بتانا چاہئے۔ ہمسایوں کو چاہئے کہ نو واردان (احمدی) جو ان کے لئے اجنبی ہیں ان کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ خلیفہ (ایدہ اللہ) نے ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ...... کی حمایت کی۔ آپ نے زور دیا کہ مقامی احمدی جرمنی کے وفادار ہیں نیز آپ نے یقین دلایا کہ جماعت ...... کے مخالفین کے لئے بھی دعا کرے گی۔ جرمنی کے آئینی تحفظ کے ادارہ (خفیہ ایجنسی) کا بیان ہے کہ احمدیہ جماعت حکومت کے لئے کسی قسم کی فکرمندی کا باعث نہیں اور پُر امن ہے۔

برلن کی مشہور اور سب سے زیادہ بکنے والی اخبار Berliner Zeitung نے سرخی لگائی

"...... برداشت کا مادہ رکھتی ہے"

خدیجہ ...... کے افتتاح کے موقع پر برلن کے وزیر اعلیٰ نے احمدیوں کو...... کی مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ یہ...... برداشت اور بردباری کی علامت ہے اور اس وصف کو ترجیح دینے میں مدد دے گی۔ جرمن پارلیمنٹ کے نائب صدر نے علاقہ کے لوگوں سے احمدیوں میں ایک دوسرے کے لئے زیادہ برداشت اور مفاہمت کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

احمدیوں کے پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد نے اپنے خطاب میں مہمانوں کا اس بات پر شکریہ ادا کیا کہ باوجود مخالفتوں کے...... بنانے کی اجازت دی گئی۔ انہوں نے اپنے فرقہ کے لوگوں کو جرمنی سے وفاداری پر بھی یقین دلایا اور...... کے مخالفین کے لئے بھی دعائیہ کلمات کہے۔ اسی طرح انہوں نے دعا بھی کی اور امید بھی ظاہر کی کہ احمدیوں کو جرمن قوم کا حصہ سمجھا جائے گا۔ ان کی تعداد جرمنی میں 30 ہزار کے لگ بھگ ہے۔

اخبار Berliner Kurier برلینر کوریار نے لکھا کہ

برلن کے لارڈ میئر کی طرف سے...... کی تعمیر پر مبارکباد

برلن کی صوبائی حکومت کے سربراہ اور لارڈ میئر Oberburgermeister نے جماعت احمدیہ کو نئی...... کی تعمیر کے موقع پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ جماعت احمدیہ نے یہ نئی ...... بنائی ہے۔ یہ ...... سابق مشرقی جرمنی (German Democratic Republic) کی سرزمین پر پہلی باقاعدہ...... ہے۔

16/اکتوبر 2008ء اخبار Die Welt (دی ویلٹ)

Welt (دنیا) جرمنی کے بڑے روزنامہ اخباروں میں شمار ہوتا ہے اور رجعت پسند Conservative ہے۔

17/اکتوبر 2008ء:...... تنظیموں کا...... کی تعمیر پر اطمینان کا اظہار

اسلامی اداروں کی کانفرنس OIC کے جنرل سیکرٹری مسٹر احسانوغو نے کہا کہ...... کی تعمیر...... کی جرمن میں معاشرے میں انٹیگریشن کی طرف اہم قدم ہے۔ میں...... کے افتتاح پر خوش ہوں کیونکہ...... کے خلاف اٹھنے والی آوازیں تمام جرمنی کی نمائندگی نہیں کرتیں۔ اسی طرح انہوں نے کہا کہ جرمنی ایک آزاد ملک ہے اور اس لئے یہاں ...... کی تعمیر کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہئے۔ یہ نئی ...... جماعت احمدیہ کی ہے۔ جس کے افتتاح کے لئے ان کے خلیفہ لندن سے تشریف لائے۔ جرمن پارلیمنٹ کے ڈپٹی سپیکر Wolfgang Thierse نے افتتاح کے موقع پر کہا کہ ہمیں ایک دوسرے کے احترام کو روایت دینا چاہئے۔ جماعت کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد (ایدہ اللہ تعالیٰ) نے جمعہ کی نماز پڑھائی۔ جماعت احمدیہ کے روحانی پیشوا خلیفہ کہلاتے ہیں۔ ...... ماہ نومبر کے دوران ...... میں Open Day کے پروگرام ہوں گے۔

17/اکتوبر 2008ء Bild-Zeitung (بلڈ سائٹنگ) (اخبار کا تعلق زرد صحافت Yellow Press سے ہے)

مشرقی جرمنی میں ...... کے افتتاح کے خلاف مظاہرہ

جمعرات کی شام مشرقی جرمنی کی پہلی ...... کے افتتاح کے موقع پر تین سو افراد نے احتجاج کیا۔ دائیں بازو کی انتہا پسند پارٹی NPD نے کچھ دیر پہلے اپنے احتجاجی مارچ کا پروگرام ترک کردیا تھا۔ شہر کے لارڈ میئر نے ...... کی تعمیر پر جماعت احمدیہ کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ نو تعمیر ...... ہمارے شہر میں مذہبی اور ثقافتی رواداری کی علامت ہے۔ مجھے یقین ہے کہ مستقبل میں بھی جماعت احمدیہ مختلف اقوام اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان مفاہمت کے لئے کوشاں رہے گی۔ صوبہ برلن کے وزیر داخلہ نے کہا کہ احتجاج کی بنا پر...... کی تعمیر نہیں روکی جاسکتی۔ مذہبی آزادی زیادہ اہم ہے۔ خبر کے آخر میں جماعت احمدیہ کا مختصر تعارف ہے۔ جماعت کے ترجمان نے کہا کہ تجربہ کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ تعصّبات دور ہوجائیں گے اور...... کے دروازے ہر شخص کے لئے کھلے ہیں۔

17/اکتوبر 2008ء اخبار Berliner Morgenpost (برلینر مورگن پوسٹ) نے لکھا

17/اکتوبر 2008ء: مشرقی برلن کی پہلی...... کا افتتاح۔ ...... کی تصویر بھی شائع کی اور حضور انور کی تصویر مع جرمن مہمانوں کے شائع کی۔

...... کے افتتاح کا پروگرام پولیس کی حفاظت میں ہوا۔ عبداللہ واگس ہاؤزر امیر جماعت نے قریباً سو اخباری نمائندوں کی موجودگی میں کہا کہ ہم دس سال تک برلن میں...... کی تعمیر کے لئے زمین تلاش کرتے رہے۔ صرف یہاں ہمیں ...... بنانے کی اجازت ملی۔ صوبہ برلن کے وزیر داخلہ Korting نے کہا کہ یہ ...... امن وامان کے لئے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ...... کی خصوصیت میں ایک تیرہ میٹر اونچا مینار اور ایک گنبد شامل ہے۔ تعمیر پر 1.7 ملین یورو لاگت آئی جو صرف جماعت کی خواتین نے ادا کئے۔

ہفت روزہ Focus Online

رسالہ، رجعت پسند نے لکھا

17 ر اکتوبر 2008ء:...... رواداری کی علامت ہے۔ برلن کے لارڈ میئر کا بیان

برلن صوبہ کے سربراہ اور لارڈ میئر Klaus Wowereit نے خدیجہ ...... کی تعمیر پر جماعت احمدیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ...... ہمارے شہر میں مذہبی اور ثقافتی رواداری کی علامت ہے۔ وہ خود اس افتتاح میں ایک جرمنی کی چانسلر کے ساتھ عالمی مالیاتی بحران کے تعلق میں ایک میٹنگ کی وجہ سے شامل نہ ہوسکے۔ افتتاح کے پروگرام میں 200 مدعو سیاستدان تمام بڑے مذاہب کے نمائندے، ہمسائے اور بیسیوں صحافی اور ٹیلی ویژن کے نامہ نگار شامل ہوئے۔ جماعت کے عالمی سربراہ خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد لندن سے تشریف لائے۔ آپ نے مہمانوں اور سیاست دانوں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے گزشتہ اڑھائی سالوں کے دوران مخالفت کے باوجود...... کی تعمیر کے منصوبہ کی حمایت کی۔ آپ نے کہا کہ ہماری جماعت جرمنی کی وفادار ہے۔ نیز ...... کے مخالفین کے لئے بھی ہم دعا کریں گے۔ خدا کرے کہ آپ جماعت احمدیہ کے ممبران کو سچے جرمن شہریوں کے طور پر قبول کرنے والے بن جائیں۔ جماعت احمدیہ کے جرمنی میں تیس ہزار ممبران ہیں۔

17 ر اکتوبر 2008ء: اخبار Tagesspiegel Berlin (ٹاگس سپیگل برلن) نے لکھا

18 ر اکتوبر 2008ء: خلیفہ برلن تشریف لائے

برلن کی نئی ...... میں جماعت احمدیہ کے سربراہ نے پہلا خطبہ جمعہ دیا۔ ایک جرمن نوجوان فلپس بھی روحانی طور پر اس پروگرام میں شامل ہونا چاہتا تھا۔ لیکن...... میں صرف مقررہ افراد ہی نماز کے لئے آسکتے تھے۔ ایک پولیس کے افسر نے کہا کہ جس طرح پوپ کے ایسٹر ماس Easter Mass میں بھی ہر شخص نہیں جاسکتا ایسا ہی یہ پروگرام بھی ہے۔ ایک احمدی نوجوان نے کہا کہ خلیفہ (وقت) کے خطبہ کو براہ راست سننا میرے لئے سب سے اہم تجربہ ہے۔ جماعت کے ترجمان کے مطابق 10,000 افراد اس پروگرام میں شامل ہونا چاہتے تھے لیکن جگہ صرف 600 افراد کے لئے ہے۔ جماعت کے سربراہ نے اردو زبان کے خطاب میں فرمایا کہ یہ ...... خدا کا تحفہ ہے جسے ہمیں قبول کرنا چاہئے۔

18 ر اکتوبر 2008ء Tagesspiegel Berlin (ٹاگس سپیگل برلن)

18 ر اکتوبر 2008ء: برلن میں متنازعہ احمدیہ ...... کا افتتاح

لندن میں رہائش پذیر حضرت مرزا مسرور احمد (ایدہ اللہ) نے اپنے ابتدائی خطاب میں حکومت اور ان تمام باہمت شہریوں کا شکریہ ادا کیا جو احتجاج کے باوجود تشریف لائے۔ احمدیہ جماعت ایک ایسی تنظیم ہے جو امن پسند ہے اور ...... کے ...... سے بالکل مختلف ہے۔ آپ نے کہا محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں۔ MTA نے اس تقریب کو ساری دنیا میں دکھایا۔ جس میں 250 مہمانوں نے شرکت کی۔ ان میں پارلیمنٹ کے ڈپٹی سپیکر Wolfgang Thierse، رفاہ عامہ کی صوبائی وزیر Heidi Knaake-Werner نیز ضلعی میئر Mathias Kohne نے شرکت کی۔ ...... کی تعمیر کے اخراجات عورتوں کی تنظیم لجنہ اماء اللہ نے برداشت کئے۔ Thierse نے اپنی تقریر میں کہا کہ اپنی مذہبی آزادی کا دفاع صرف اس صورت میں ہوسکتا ہے کہ جب انسان دوسروں کے مذہب اور رائے کی آزادی کی حفاظت کرے۔ ضلع میئر نے ...... مخالفین کی مذمت کی۔

اخبار Berliner Zeitung میں ایک جرمن سکالر Dietrich Reetz لکھتا ہے

سیاسی نقطہ نگاہ سے احمدیت ماضی میں کبھی تشدد کی وجہ سے نگاہ میں نہیں آئی اور اس بات کا بھی کوئی ثبوت نہیں کہ اس جماعت کا کسی بنیاد پرست یا تشدد پسند جماعت سے اس کا الحاق ہوا ہو۔ احمدیہ جماعت اپنے ممبران کی مذہبی تعلیم کا بھی اسی طرح خیال رکھتی ہے جس طرح دنیاوی مغربی تعلیم کا۔

18 ر اکتوبر 2008ء Markische Allgemeine (میرکشے الگے مائن سائٹنگ) برلن کیتھولک چرچ کی طرف سے لکھتے ہیں

19 ر اکتوبر 2008ء شہر کی تصویر میں مینار بھی نظر آنے چاہئیں: برلن کیتھولک چرچ

مبارکباد۔ برلن کے محلّہ Heinersdorf میں ایک نئی ...... بنائی گئی ہے اور یہ ایک اچھی بات ہے۔ صوبہ برلن کے کیتھولک چرچ کی مجلس عاملہ بھی ...... کی تعمیر پر مبارکباد کا اظہار کرنا چاہتی ہے۔ کیتھولک چرچ کے ممبران اور ملک کے شہری کی حیثیت سے ہم مذہبی آزادی اور ...... کی انٹیگریشن کے حق میں ہیں۔ بہت سے ...... کے لئے ...... روحانی، مذہبی اور معاشرتی مراکز کی حیثیت رکھتی ہیں۔ جہاں تک طرز تعمیر کا تعلق ہے اس پر اختلاف ہوسکتا ہے۔ لیکن...... احمدیہ جماعت، پوشیدہ کناروں سے نکل کر باقاعدہ ...... بنارہے ہیں۔ ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔ یہ عمل انٹیگریشن کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔ یقیناً تنقیدی سوالات جیسے کہ ...... ممالک میں عیسائیوں کی مخالفت پر بھی تبادلہ ہونا چاہئے۔ لیکن ایسے واقعات کا یہ مطلب نہیں کہ جرمنی میں ...... کی تعمیر کے حق سے محروم کیا جائے۔ ایک ناانصافی کی بنیاد پر دوسری ناانصافی نہیں کی جاسکتی۔ برلن کے شہریوں کے لئے بھی مبارکباد جو ہمت اور جوش کے ساتھ ...... سے تنقیدی تبادلہ خیال کررہے ہیں اور اس طرح ...... کو مساوی شہریوں کی حیثیت سے تسلیم کررہے ہیں اور ان کا احترام کررہے ہیں۔

از: وولفگانگ کلوزے صدر مجلس عاملہ کیتھولک چرچ برلن، مرکزی برلن

اخبار Berliner Zeitung نے ریٹائرڈ صوبائی وزیر اعلیٰ Eberhard Diepgen کے حوالہ سے جماعت احمدیہ کی ...... کے بارہ میں کہا کہ

یہاں برلن میں ہر شخص کو اپنے عقیدہ کے مطابق روحانی سکون حاصل کرنے کا حق ہے۔ مذہبی عقائد پر عمل کرنے کے لئے ہر عقیدہ کے افراد کو ...... چرچ یا یہودی عبادت گاہ بنانے کا حق ہے۔ میں رواداری پھیلانا چاہتا ہوں اور کسی حد تک تحمل اور بردباری کی خواہش رکھتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ Heinersdorf میں بہت جلد نئے احمدی ہمسایوں سے اچھے تعلقات بن جائیں گے۔ اس اخبار نے یہ بھی لکھا کہ جرمنی میں احمدیوں کی تعداد تیس ہزار ہے اور ساری دنیا میں یہ کئی ملین ہیں۔ یہ پُرامن لیکن قدامت پسند جماعت ہے۔ جرمنی کے قانون کے مطابق یہ جماعت نہ تو تشدد پسند ہے اور نہ انتہا پسند۔ محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں ان کا ماٹو ہے۔ اس جماعت کے کوئی سیاسی مقاصد نہیں ہیں۔ یہ مذہب کو سیاست سے علیحدہ رکھنے کے قائل ہے اور یہ خالصتاً روحانی جماعت ہے۔

مقامی روزنامہ Berliner Kurier اپنی اشاعت مورخہ 17 ر اکتوبر بروز جمعہ صفحہ نمبر گیارہ پر مع فوٹو حضور انور، ...... اور احتجاج کرنے والوں کی خبر شائع کی

وہ دن جب اللہ (تعالیٰ) پانکو Pankow پر نازل ہوا

Pankow کی نو تعمیر ...... میں قبلہ کا رخ جنوب مشرق کی طرف ہے ...... کا نام آنحضرت ﷺ کی پہلی زوجہ مبارکہ حضرت خدیجہؓ کے نام پر رکھا گیا ہے۔ خلیفہ وقت (ایدہ اللہ تعالیٰ) نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ...... ایک پُرامن مذہب ہے۔ علاقہ کے بعض لوگ ...... کے مخالف بھی ہیں۔

Welt (ولٹ) جرمنی کے بڑے روزنامہ اخباروں میں شمار ہوتا ہے اور رجعت پسند Conservative ہے۔ اپنی 17 ر اکتوبر کی اشاعت میں آدھے کالم کی خبر میں لکھتا ہے۔

سابقہ مشرقی جرمنی میں پہلی اور سب سے بڑی نو تعمیر شدہ ...... کا افتتاح ہوگیا

جرمنی کے وائس پریذیڈنٹ نے کہا کہ اب اختلافات ختم ہونے کا وقت آگیا ہے اور ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات کا آغاز ہوچکا ہے۔ جماعت احمدیہ سے میں اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے مذہبی عقائد اور روایات کو دوسرے لوگوں پر واضح کرتے رہیں۔ جرمنی کی انتظامیہ کے مطابق جماعت احمدیہ ایک پُرامن جماعت ہے۔

بیت برلن کے بارہ میں عرب میڈیا میں چھپنے والی خبروں کا خلاصہ

☆5 عربی ٹی وی چینلز نے افتتاح کی خبر نشر کی ہے جن میں مشہور عربی چینل العربیۃ بھی شامل ہے۔

☆7 ر اخبارات نے بھی یہ خبر چھاپی ہے۔ جن میں الشرق الاوسط بھی شامل ہے جو متعدد ملکوں سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔

☆40 کے قریب ویب سائٹس پر ...... کے افتتاح کی خبر نشر ہوئی۔ ہر اہم عربی ویب سائٹ نے اس خبر کو نشر کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بیت خدیجہ برلن کی افتتاحی تقریب کو انٹرنیشنل میڈیا میں بھی وسیع پیمانے پر Coverage ملی۔ اب تک کی موصولہ رپورٹ کے مطابق دنیا بھر کے 148 اخبارات اور رسائل نے بیت خدیجہ برلن کی افتتاح کے بارے میں خبریں نشر کی ہیں۔

جرمنی کے علاوہ درج ذیل 18 ممالک کے اخبارات نے خبریں نشر کی ہیں۔

جرمنی، انگلستان، سکاٹ لینڈ، امریکہ، پاکستان، انڈیا، آسٹریا، سری لنکا، تائیوان، ترکی، کینیڈا، سعودی عرب، بحرین، کویت، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، فرانس، سویڈن، سرینام۔

انٹرنیشنل اخبارت/ میگزین اور خبررساں ایجنسیاں جنہوں نے اس تقریب کی کوریج دی۔

CNN, Associated Press (AP), Reuter, Google News, Zimbio News Agency, Euro-Islam, Gulf News, World News Network, Yahoo News, Newsday.com, International Herald, Tribune.

بڑے بڑے اخبار جنہوں نے کوریج دی

The Gaurdian UK, ABC News USA, CNN UK, Deutsche Welle (Germany), Spiegel (Germany), USA Today (USA), ITN (UK), MSNBC (USA), Washington Post USA, The Times of India (India).

قربانیاں

☆شام میں 1927ء میں حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس پر خنجر سے قاتلانہ حملہ ہوا۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 صفحہ 525)

☆ماریشس میں حضرت حافظ جمال احمد صاحب نے 21 برس تک دعوت حق پہنچانے کے بعد 27 دسمبر 1949ء کو وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے۔

(تاریخ احمدیت جلد 5 صفحہ 191)

☆بہت سے ممالک ایسے تھے جہاں مربی بھیجنے کے بعد جماعت انہیں واپس بلانے کی استطاعت نہ رکھتی تھی۔ وہ جوان تھے اور اپنی کم عمر بیویوں کو پیچھے چھوڑ گئے اور مدتوں بعد جب واپسی کی توفیق ملی تو بیویوں کے بال چاندی سے بھر چکے تھے اور بچے اپنے باپوں کو پہچاننے سے قاصر تھے۔ یہ عظیم حوصلہ، قربانی اور موت کے منہ میں جانتے بوجھتے ہوئے چھلانگ دینا کسی پرجوش مصلح اور دلوں میں اتر جانے والی محبت الٰہی کے بغیر ممکن نہیں۔

مکرم مغفور احمد منیب صاحب

حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود۔ بانی کوٹ احمدیاں سندھ

آج کے جدید دور میں خاندانوں کی سکونت اور بود وباش اتنی تیزی سے تبدیل ہورہی ہیں کہ سرسری نظر میں یہ اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے کہ ایک خاندان کو کن ادوار سے گزرنا پڑا ہوگا۔ خلافت جوبلی کے حوالہ سے احمدی خاندانوں کو ضرورت ہے کہ وہ اس زاویہ سے جائزہ لیں کہ ان کے خاندان احمدیت کی نعمت سے کس طرح متمتع ہوئے اور پھر خلافت احمدیہ سے وابستہ ہوکر والہانہ محبت اور عشق کس طرح پیدا ہوا اور خلافت کی عنایات سے کس طور سے حصہ پایا۔

اب جبکہ میرے نانا حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب کے خاندان کو قادیان کے نواحی گاؤں تلونڈی جھنگلاں ضلع گورداسپور سے سندھ ہجرت کئے ایک سو سال پورے ہوگئے ہیں اور آپ اور آپ کے بھائیوں کی نسلیں خداتعالیٰ کی مشیت سے کوٹ احمدیاں سے یورپ، کینیڈا اور آسٹریلیا وغیرہ ہجرت کرچکی ہیں۔ حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب کا مختصر تعارف پیش ہے۔

مکرم ملک صلاح الدین صاحب رفقاء احمد کی جلد نمبر 13 میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"اس موضع کے 72 (رفقاء) کا خاکسار کو علم ہوچکا ہے اور ابھی یہ فہرست مکمل نہیں۔ ان میں سے 28 افراد کے حالات ایک حد تک مکمل ہونے کی وجہ سے کتاب ہذا میں شامل کئے جارہے ہیں...... حضرت مولوی رحیم بخش صاحب کی دعوت الی اللہ سے اس گاؤں کا سمجھدار طبقہ حضرت مسیح موعود کے عہد مبارک میں احمدیت قبول کرچکا تھا اور بعد ازاں قریباً سارا گاؤں احمدیت کی آغوش میں آگیا تھا"۔

حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب اور آپ کے والد چوہدری مولا بخش صاحب بھی ان خوش نصیب (رفقاء) میں سے تھے جنہیں حضرت مسیح پاک کی رفاقت کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب کے کتبہ وصیت کی تحریر کے مطابق 1895ء میں پیدا ہوئے۔ آپ پیدائشی احمدی تھے۔

مکرم ملک صلاح الدین صاحب مزید لکھتے ہیں:

"اس گاؤں کے بعض زمیندار علاقہ سندھ میں آباد ہوگئے تھے ان میں سے آپ (حضرت مولوی رحیم بخش صاحب) کے ذریعہ احمدی ہوئے مثلاً چوہدری مولا بخش اور ان کے بیٹے چوہدری غلام حیدر اور ان کے بھائی (چوہدری غلام رسول صاحب، چوہدری غلام نبی صاحب اور چوہدری غلام قادر صاحب)۔ چوہدری غلام حیدر نے ضلع حیدرآباد سندھ میں ایک گاؤں کوٹ احمدیاں آباد کیا تھا جہاں مضبوط جماعت قائم ہے"۔

چوہدری غلام حیدر صاحب کے ذریعہ قائم ہونے والی جماعت کوٹ احمدیاں سندھ کی پہلی جماعت ہے۔ حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

"میں نے دیکھا کہ میں سیلابی پانی کے دھارے میں بہتا چلا جارہا ہوں جہاں جاکر میرے پاؤں زمین پر ٹکے وہ سندھ کی سرزمین تھی۔ جس وقت میں نے یہ خواب دیکھی تھی اس وقت سندھ میں دو مربع زمین بھی کسی احمدی کے پاس نہ تھی ہاں کوٹ احمدیاں والے شاید اس سے پہلے آئے تھے۔ باقی سندھی زمینداروں نے بعد میں احمدیت قبول کی"۔

(خطبہ جمعہ بمقام بشیرآباد سندھ روزنامہ الفضل 14 مارچ 1952ء)

چوہدری غلام حیدر صاحب کا تعلق جٹ خاندان سے تھا۔ اس خاندان کے بہت سے افراد شرقی پنجاب سے ہجرت کرکے بیسویں صدی کے شروع میں ہی میرپور خاص اور ڈگری کے درمیان بڈھا کوٹ نامی گاؤں میں آباد ہوگئے۔ اس گاؤں میں مذہبی لحاظ سے ملے جلے لوگ رہتے تھے۔ احمدی خاندانوں میں چوہدری فقیر محمد صاحب بھُلر کا خاندان چک 151 ڈگری آباد ہوگیا اور چوہدری غلام حیدر صاحب نے اپنے بھائیوں کے ہمراہ جمڑاؤ اور نصیر واہ کے درمیان کوٹ احمدیاں آباد کیا اور اردگرد مقیم مقامی سندھی وڈیروں سے حیرت انگیز مواخات قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ پرانے جماعتی ریکارڈ میں جس میں آباد بڈھا کوٹ، ڈگری، چک 151، ٹنڈو غلام علی، کنجے جی کے نام ملتے ہیں جو دراصل کوٹ احمدیاں میں آباد ہونے سے قبل اسی خاندان کے افراد پر مشتمل احمدی آبادیاں تھیں۔ 1932ء میں کوٹ احمدیاں میں باقاعدہ جماعت قائم ہوجانے پر اس خاندان کے افراد کوٹ احمدیاں منتقل ہوگئے اور چوہدری غلام حیدر صاحب اس جماعت کے پہلے صدر مقرر کئے گئے۔ اپنے بھائیوں کے تعاون اور اپنی ذاتی صلاحیتوں کی وجہ سے حیدرآباد، میرپورخاص، بدین، عمرکوٹ، ڈگری کے علاقوں میں پنجابی اور سندھی آبادیوں میں نمایاں حیثیت اختیار کرلی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہدایت پر کوٹ احمدیاں کے شمال میں بشیرآباد تک کی زرعی اراضی احمدی احباب اور جماعت نے خریدی اسی طرح نوکوٹ نبی سرروڈ کنری کے ساتھ زمینیں خریدی گئیں۔ ان معاملات میں چوہدری صاحب اور آپ کے بھائیوں کا بھرپور تعاون اور راہنمائی آنے والوں کو حاصل رہی۔ یہ چاروں بھائی ذہین باہمت تھے اور عزم اور سچی لگن کے مالک تھے۔ مہمان نوازی کا خاص جذبہ رکھتے تھے۔ چوہدری غلام حیدر صاحب نے شوق سے تعلیم حاصل کی۔ اپنی لیاقت اور حضرت خلیفہ ثانی کی دعاؤں سے دیہی بینکوں کی کوآپریٹو سوسائٹی میں انسپکٹر مقرر ہوگئے۔ جس کا احمدی آبادکاروں کو بے حد فائدہ ہوا۔ سندھی اور انگریز افسران کے ساتھ رابطہ کا موقع ملا۔ حضرت خلیفہ ثانی جب سندھ کے دورہ پر تشریف لے گئے تو حضور نے تکلیف اٹھا کر کوٹ احمدیاں کی سرزمین کو برکات سے متمتع فرمایا۔ حضور کوٹ احمدیاں کے قریب حضرت چوہدری محمد بخش صاحب کی آباد کردہ گوٹھ ڈاکٹر جمیل بھی گئے۔ حضرت اماں جان اور حضرت ام طاہر کے ہمراہ کوٹ احمدیاں میں رات قیام فرمایا۔ حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب اور آپ کے بھائیوں کو پیارے آقا کی خدمت کا خوب خوب موقع ملا۔ چوہدری غلام حیدر صاحب کی چھوٹی لڑکیوں کو حضرت اماں جان کی خدمت کا خوب موقع ملتا رہا۔ حضور کے ہر سفر سے قبل کوٹ احمدیاں خط مل جاتا کہ فلاں تاریخ کو یہ بچیاں حضرت اماں جان کی خدمت کے لئے ناصرآباد پہنچ جائیں۔ یہ بچیاں اپنی ہم عمر بی بی امۃ الحکیم اور بی بی امۃ الباسط کے ساتھ کھیلتیں، گھڑسواری کرتیں اور حضرت اماں جان اور حضور کی دعاؤں سے حصہ پاتیں۔

حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب کی دو بیویاں تھیں۔ زیادہ اولاد کریم بی بی بنت چوہدری فقیر محمد صاحب بھُلر سے ہوئی۔ چوہدری غلام حیدر صاحب کی چار بیٹیاں اور چار بیٹے تھے۔ بڑے بیٹے مکرم چوہدری عبدالرحمٰن صاحب کو وقف جدید میں ابتدائی انسپکٹر کے طور پر وقف جدید کے قیام کے ساتھ ہی حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملا۔ دوسرے بیٹے مکرم ڈاکٹر نذیر احمد صاحب ساجد (والد مکرم فرید احمد صاحب نوید صدر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان) خلافت ثالثہ میں بطور پرنسپل طبیہ کالج میں خدمت بجالاتے رہے اور خدام الاحمدیہ کے مہتمم رہے۔ تیسرے بیٹے چوہدری منیر احمد صاحب (والد مکرم اقبال احمد صاحب صاحب منیر مربی سلسلہ سیرالیون) ایک نڈر باہمت زمیندار تھے جو اپنے چچازاد بھائیوں کے ہمراہ کوٹ احمدیاں میں مالی قربانی اور خدام سلسلہ کے سندھ دوروں میں اپنی مہمان نوازی سے بھرپور تعاون کرتے رہے۔ چوتھے بیٹے مکرم چوہدری منور احمد خالد صاحب واقف زندگی سندھ میں تحریک جدید کی زرعی اراضی کے مینیجر رہے اور ریٹائرمنٹ کے بعد جرمنی میں مقیم ہیں۔ بڑی بیٹی مکرمہ رسول بی بی کی اولاد سے طاہر احمد بھلر واقف زندگی ہیں۔ مبارکہ بیگم خاکسار مغفور احمد منیب نائب ناظر اصلاح وارشاد کی والدہ تھیں۔ حمیدہ طاہر کی اولاد سے حفیظ احمد ناز سابق اسیر راہ مولیٰ اور منصور جاوید چٹھہ مراقب خدام الاحمدیہ ہیں۔ جبکہ چوتھی بیٹی مکرمہ رضیہ صاحبہ جماعت کے معروف کارکن مکرم چوہدری عبدالغفور صاحب جامشورو کی زوجہ ہیں۔ اس خاندان کے دیگر کارکنان میں مکرم چوہدری محمد عارف طاہر صاحب مربی سلسلہ، مکرم چوہدری ثاقب کامران صاحب مربی سلسلہ، مکرم امتیاز احمد نوید صاحب مربی سلسلہ نائیجیریا، مکرم انس محمود صاحب واقف زندگی، مکرم چوہدری مسعود احمد صاحب مٹھی (وقف جدید)، مکرم طاہر احمد صاحب ریجنل امیر جرمنی، مکرمہ عقیلہ منیب صاحبہ صدر لجنہ دارالنصر غربی حبیب ہیں۔

چوہدری غلام حیدر صاحب کی زندگی نے وفا نہ کی اور 1941ء میں کوٹ احمدیاں میں وفات پاگئے۔ گو آپ کی بیوہ کریم بی بی آپ کے 20 سال بعد جمال پور میں فوت ہوئیں۔ لیکن دونوں کے امانتی جنازے ایک ہی روز ربوہ لائے گئے اور دونوں ایک دوسرے کے پہلو میں بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئے۔

کوٹ احمدیاں میں حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث بھی تشریف لے گئے اور دیگر بزرگان میں حضرت مرزا طاہر احمد صاحب نیز مربیان میں حضرت عبدالرحمان صاحب ابن حضرت رحیم بخش صاحب، مولانا غلام احمد صاحب فرخ، مولانا سید احمد علی شاہ صاحب، مولانا محمد دین صاحب قیام کرتے رہے اور خاص محبت کا اظہار کرتے رہے۔ الحمدللہ کہ آج ہمارے پیارے آقا حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس، حضرت چوہدری غلام حیدر صاحب اور آپ کے تینوں بھائیوں کی اولاد پر خاص شفقت فرماتے اور خود کوٹ احمدیاں کے حوالہ سے ان خدام کو پہچانتے اور تعارف حاصل کرتے ہیں تو ہم سب خدام کے دل سے اپنے پیارے آقا کے لئے اور بانی کوٹ احمدیاں چوہدری غلام حیدر صاحب اور آپ کے تینوں بھائیوں چوہدری غلام رسول، چوہدری غلام نبی، چوہدری غلام قادر کے لئے دعا نکلتی ہے کہ ان بزرگوں نے ہمیں احمدیت اور خلافت احمدیہ سے وابستہ رکھنے میں عظیم جدوجہد سے کام لیا۔ صدسالہ جوبلی خلافت کے بابرکت سال میں ہمارے خاندان کا ہر چھوٹا بڑا یہ دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تاقیامت 27 مئی 2008ء کو حضور کے ساتھ دہرائے ہوئے عظیم الشان عہد اطاعت پر ہمیں اور ہماری اولادوں کو بھی قائم رکھے۔ آمین

پیشگی چندہ

